© rasailojaraid.com



بہتا ہوا ایک سفینہ ہے۔ ہمارے تمام چوٹی کے مصنفین "بازمانہ بساز" کی پالیسی پر چل رہے ہیں، معلوم نہیں "بازمانہ ستیز" پر اعتقاد رکھنے والے اہلِ قلم کا انتظار کب تک کرنا پڑے گا۔

**رنگین وسادہ افسانے** از جناب ظفر قریشی صاحب۔ قیمت مجلد دو روپے آٹھ آنے۔ ملنے کا پتہ:۔ عبد الحق اکیڈمی، اشاعت منزل، اردو گلی، حیدر آباد (دکن)۔

۱۴ مختصر افسانوں کا یہ مجموعہ ترقی پسند ادب کی نگاہ میں چاہے کتنی ہی قدر و قیمت رکھتا ہو مگر انسانیت اس پر سندِ طمانیت نہیں دے سکتی۔ خصوصاً کلو پیٹرا کے ساتھ ایک رات" کے متعلق ہم نہیں جان سکے کہ اس کے لکھنے سے نوعِ انسانی کی کونسی خدمت انجام دی گئی ہے۔ اور "دو کسیاں" میں تو قریشی صاحب نے فحش خیالی اور نجاستِ ذوق کی حد کر دی ہے۔ اللہ کوئی بتائے کہ اس "پیپ" کو دل و دماغ سے نکال کر آخر ادب کے بازار میں کیوں بیچا جاتا ہے اور خریدار کیسے اس "مواد" کو خریدتے ہیں۔

**کنول** از جناب اعظم کریوی صاحب۔ قیمت مجلد دو روپے بارہ آنے۔ ملنے کا پتہ: عبد الحق اکیڈمی، اشاعت منزل، اردو گلی، حیدر آباد (دکن)۔

اعظم صاحب بہت معروف افسانہ نویسوں میں سے ہیں۔ پیشِ نظر مجموعہ ان کے ۱۳ فسانوں پر مشتمل ہے۔ تعجب ہوتا ہے کہ اتنے بڑے بڑے لکھنے والوں کو بھی "ایک لڑکا اور ایک لڑکی" قسم کی کہانیوں کے سوا مظاہرۂ فن کا اور کوئی میدان نہیں ملتا۔ "کنول" کے تمام افسانوں کے پلاٹ غیر متنوع اور پامال سے معلوم ہوتے ہیں۔ بعض کہانیوں میں "پریم" اور "سماج" کی تکرار ناگوار محسوس ہوتی ہے۔ مصنف جہاں کہیں اپنی رائے دیتا ہے، بالکل "واعظ" کا سا Direct Method اختیار کرتا ہے حالانکہ افسانہ نویس کا کام یہ ہے کہ وہ مطلوبہ رائے خود قاری کے ذہن سے پیدا کرائے اور اسے یہ محسوس نہ ہونے دے کہ باہر سے اس کے دماغ میں کوئی چیز ٹھونسی جا رہی ہے۔

**بچوں کے لیے چند کتابیں** از جناب شجاع احمد صاحب قائد۔ ملنے کا پتہ:۔ عبد الحق اکیڈمی، اشاعت منزل، اردو گلی، حیدر آباد (دکن)۔

نشرگاہ ملکی حیدر آباد دکن نے جناب شجاع احمد صاحب قائد کے جوڑے ہوئے بچوں کے ذہنی ارتقا کے لیے وقتاً فوقتاً نشر کیے ہیں، انھیں عبد الحق اکیڈمی نے الگ الگ کتابی شکل میں شائع کر دیا ہے۔ یہ کتابیں ہماری رائے میں اپنے مقصد کے لیے مفید ہیں۔ فہرست درج ذیل ہے:۔

(۱) جنگ کے بعد کیا ہوگا۔ قیمت ۳ر (۲) لاڈلا اکبر۔ قیمت ۱۰
(۳) کھٹی میٹھی بتیاں۔ " ۱۰ر (۴) سمندری جہاز۔ " ۴ر

© rasailojaraid.com